ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (675)

مورخہ 20.12.2023

# بہاول پور (    ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، ضلع بھر میں نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ، جاری آپریشن میں 11 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں دیسی شراب کی کھیپ و چالو بھٹیاں برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری احکامات کی روشنی میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائینز، عباس نگر، ڈیرہ نواب صاحب، اوچشریف، خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 11 ملزمان ظفر اقبال، حسنین، ظفر حسین، مزمل عرف مجی، افتخار احمد، شہباز تھہیم، فلک شیر، عطا محمد، خضر عباس، لطیف اور بشیر احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 847 لیٹر دیسی شراب اور 03 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، ضلع بھر میں نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ، جاری آپریشن میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں دیسی شراب کی کھیپ و چالو بھٹیاں برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(676)

مورخہ 20.12.23

**بہاول پور(    )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ مسافر خانہ پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی، 16ملزمان کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا، ملزمان پابند سلاسل۔ معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی ضمانت ہے۔، ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ مسافر خانہ پولیس کی قمار بازوں کے خلاف بڑی کارروائی، تھانہ مسافر خانہ پولیس نے سپیشل ٹیم تشکیل دے کر موضع گوٹھ غنی ناصر ٹانوری کے ڈیرہ سے جوا کھیلتے ہوئے 14 ملزمان کو داؤ پر لگی 55 ہزار روپے سے زائد رقم سمیت گرفتار کرلیا۔عوام الناس کا ایس ایچ او اور ٹیم کو خراج تحسین، معاشرتی جرائم کی وجہ سے نوجوان نسل کی تباہی کو روکنا مقصود ہے، ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی ضمانت ہے۔ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ مسافر خانہ پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی، متعدد ملزمان کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (677)

20.12.2023

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں ایس پی انویسٹی گیشن غلام مہتدی حافظ کی زیر نگرانی محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ B-1 کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔امتحان میں ضلع بہاول پور سے کانسٹیبلز نے شرکت کی۔امتحان دینے والے جوانوں کے لیے تمام سہولیات کا خصوصی طور پر انتظام کیا گیا۔محنتی اور میرٹ پر آنے والے جوان ہی ترقی کے اہل ہوں گے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاول پور سید محمد عباس کی سرپرستی میں اور ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدی حافظ کی زیرنگرانی پولیس لائنز میں محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ B-1 کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔امتحان میں ضلع بھر سے جوانوں نے شرکت کی ۔تمام جوان اپنی ترقی کے لیے انتہائی پرجوش اور مکمل تیاری کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔لسٹ B-1 کا امتحان اس لیے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ محکمہ میں مسلسل ترقی کی طرف پہلا قدم ہوتا ہے۔امتحان کے تمام مراحل کی ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدی نے بذات خود نگرانی کی ۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کے اس عمل میں 100 فیصد میرٹ کو مدنظر رکھا جائے گا۔محنتی اور میرٹ پر پورا اترنے والے جوان ہی ترقی کے اہل ہوں گے۔امتحان میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے تمام عمل کو بذریعہ ویڈیو کیمرہ محفوظ کیا گیا ہے۔ترقی کے عمل سے جوانوں کا مورال بلند ہوتا ہے۔سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیس لائنز میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے۔اس موقع پر ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر اللہ یار سیفی، ڈی ایس پی لیگل II جام محمد محسن اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدیٰ حافظ کی زیرنگرانی محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ B-1 کے امتحان کا انعقاد کیا گیا، پولیس لائنز میں ضلع بھر سے جوانوں کی پیپر میں شرکت